Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹۔ جمادی الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۲ اپریل ۱۹۱۷ء	نمبر ۱۴

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸۔ فروری ۱۹۱۷ء

مثل رپورٹ گرداور دربارۂ اطلاع کہ جوالا سہائے جیون سہائے گوبردھن پرشاد وکچھمن پرشاد وغیرہ معافیداران موضع اودم پور تحصیل بلاسپور علاقہ جدیدہ نے بلا حصول اجازت بیس درخت انبہ افتادہ و چار درخت ایستادہ سبز باغ معافی سے قطع کراکر لکڑی فروخت کر دی اور کچھ لکڑی باقی تھی وہ بھی بوجان کر دی گئی تھی معہ یادداشت اجلاس بورڈ ... کا علاقہ ... کی صورت یہ ہے کہ موضع اودم پور تحصیل بلاسپور علاقہ جدیدہ زمینداری سرکار ہے

دو میں ۱۴ انبوہ بجز معافی دوامی ہے۔ روزہ معافی سال ہے کہ معافیداران نے بے حصول اجازت درخت انبہ قطع کرلیے تھے تحصیل سے انکی روک ٹوک ہوکر تحفظاً لکڑی پڑی رہنے دی گئی۔ اسکی بحث درپیش ہے کہ معافیداراں نے بے اجازت درختاں قطع کیے ہیں اُنسے مواخذہ ہونا چاہیے۔ معافیداران کا یہ جواب ہوا کہ یہ معافی علاقہ جدید کی ہے ہمیشہ سے باختیار خود قطع و فروخت کرتے چلے آتے ہیں حصول اجازت کی قید کبھی نہیں ہوئی۔ عہد کونسل میں متعلق تفریق و انقطاع درختاں ایک مسودہ قانون مرتب ہوکر گزٹ ہوا تھا۔ گو اسکی باضابطہ منظوری نہیں ہوئی تھی لیکن اُسوقت سے ابتک اسی پر عملدرآمد ہورہا ہے۔ اور برابر معافیداران جاگیر کے ہشاپ پر اجازت قطع کی درخواست دیتے ہیں اور بعد تحقیقات ضابطہ اجازت دیجاتی ہے۔ اس مثل میں نوٹ کمیٹی ۱۰ فروری سنہ ۱۹۱۶ء مفصل ہے لیکن کمیٹی نے جو نیا قاعدہ بنانے کی رائے لکھی ہے اسکی اسوجہ سے ضرورت نہیں ہے کہ سرکلر محولہ بالا میں دفعہ ۹ کا اس معاملہ سے تعلق ہے اور صاف اسمیں لکھا ہے کہ علاقہ جدید کے درختوں کی نسبت عموماً حسب العرض بندوبستی عملدرآمد ہوگا مگر جو دیہات ریاست کے زمینداری علاقہ مذکور میں ہیں انکے درختوں کی نسبت بموجب قواعد علاقہ قدیم عملدرآمد ہوگا اور دفعہ ۱۲ میں اراضیات معافی دوامی لاخراجی کی بابت لکھا ہے کہ چار قسم کے درختان شیشم توت جامن۔ انبہ کی لکڑی شاخ جو صدمہ ہوا سے گرجائے یا خشک ہوجائے انکے صرف میں لانیکا معافیداران کو اختیار ہوگا۔ مگر جو سالم درخت اقسام مذکور سے گرجائے یا خشک ہوجائے یا کسی درخت کو منجملہ اقسام مذکور کے معافیداران فروخت کرنا چاہیں تو اول سرکار سے اطلاع کرے۔ اگر سرکاری کام کے لائق ہوگی تو سرکار میں خرید لیجاویگی۔ ورنہ اجازت دیجاویگی۔ اور ہر چہار اقسام کے علاوہ جملہ قسم کے درختوں پر کاٹنے اور بیچنے وغیرہ کا اختیار ہے۔ سرکار کی طرف سے مزاحمت نہوگی۔ لہذا اسکے موافق عملدرآمد ہونا مناسب ہے۔ حسب رائے کمیٹی کی یہ رائے ہے کہ معافیداران نے جو درخت انبہ بطور خود بے اطلاع و بے حصول اجازت قطع کرلیے ہیں انکی بابت اسوجہ سے کہ کوئی قاعدہ مکمل جاری نہیں ہے کچھ تعارض نکیا جائے اگر اس رائے کمیٹی کے موافق درگذر فرمایا جائے تو آئندہ کی پابندی کی غرض سے قاعدہ جاری فرمادیا جاوے۔ پیش ہوکر

حکم ہوا کہ

جس معاملہ قطع درختان معافی کے متعلق یہ مثل دوران میں ہے اُس سے درگذر کیا جاتا ہے اسوجہ سے منظور ہے کہ ابتک اسکی بابت کوئی قواعد منظور شدہ نہیں پائے گئے۔ برائے آئندہ علاوہ دیہات میں جو دیہات زمینداری سرکار کے ہیں اُن میں معافیداران اگر درخت قطع کرنا چاہیں تو انکو پابندی دفعہ ۹ و دفعہ ۱۲ اُس مسودہ قانون کی لازمی ہوگی۔ جو درج گزٹ ہوچکا ہے۔ اور جسکی منظوری اسوقت تک نہیں ہوئی ہے اب حسب صراحت صدر بابت دفعہ ۹ و دفعہ ۱۲ منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب ریوینیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بنظر مناسبت خدمات سعادت علیخان اسپکٹر کوتوالی کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ فقط

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ہدایت

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

بپابندی دستور العمل تقسیم تنخواہ منظور ہے کہ سوائے اصل تنخواہدار کے دوسرے شخص کو تنخواہ نہ دیجائے اگر اصل تنخواہدار موجود نہو تو تنخواہ واپس بخشیگری ہو اگر بے وقت بالوصول میں ولدیت و سکونت بھی پورے طور پر درج کیجاوے۔ اور جو تنخواہ ذریعہ مختارنامہ ملتی ہے خانہ کیفیت میں افسر صیغہ مختارنامہ کا حوالہ دیکر اپنے دستخط کردیا کریں۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۲۱ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

رخصت یکماہ مولوی سید محمد صاحب اتالیق جناب ولیعہد صاحب بہادر کی بوجہ علالت دختر مولوی صاحب موصوف منظور فرمائی گئی۔ دوسرے اتالیق جناب ولیعہد صاحب بہادر کی نگرانی رکھیں گے۔

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور نمبر ۱۴ — مطبوعہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری فروری سنہ ۱۹۱۷ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل: مسلمان	ہنود	تفصیل فوتی: جب ایک سال سے ۵ سال تک مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	عورت	میزان مرد	عورت	تفصیل مذہب مسلمان	ہنود	تفصیل امراض			بخار			اور امراض	تعداد اموات	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۲	۹	۱۸	۹	۵۱	۴۰	۱۸	۸	۲	۳	۴	۲۲	۲۴	۲۳	۳۰	۴۵	۱۸	۰	۴	۰	۵۰	۰	۰	۹	۶۳	
گنج	۱۴	۳	۹	۳	۲۹	۲۳	۶	۴	۴	۲	۱	۸	۷	۱۴	۱۲	۲۳	۳	۰	۰	۰	۲۶	۰	۰	۰	۲۶	
حوالیہ شہر	۸	۱۳	۵	۱۵	۴۱	۱۳	۲۸	۰	۰	۰	۰	۱۳	۹	۲۱	۹	۱۳	۱۷	۰	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۲۲	۲۱	۱۷	۱۵	۷۵	۳۹	۳۶	۴	۱	۱	۱	۲۶	۱۴	۳۱	۱۶	۲۵	۲۲	۰	۰	۰	۴۷	۰	۰	۰	۴۷	
شاہ آباد	۲۱	۵۴	۱۸	۴۸	۱۴۱	۳۹	۱۰۲	۱۰	۸	۱	۲	۲۷	۱۲	۳۸	۲۶	۱۳	۵۱	۰	۰	۰	۶۴	۰	۰	۰	۶۴	
پٹوائی	۹	۲۱	۸	۳۱	۶۹	۱۷	۵۲	۲	۰	۰	۰	۱۷	۱۲	۱۹	۱۲	۶	۲۵	۰	۰	۱۹	۱۲	۰	۰	۰	۳۱	
ملک	۷	۴۵	۵	۴۴	۱۰۱	۱۲	۸۹	۴	۴	۰	۱	۳۰	۱۷	۳۴	۲۲	۴	۵۲	۰	۰	۰	۵۶	۰	۰	۰	۵۶	
بلاسپور	۱۲	۲۵	۱۲	۱۶	۶۵	۲۴	۴۱	۳	۵	۵	۲	۴۲	۳۱	۵۱	۳۸	۴۰	۴۹	۰	۰	۰	۸۹		۰	۰	۸۹	
کیمری	۲۴	۳۳	۷	۲۹	۹۳	۳۱	۶۲	۲	۵	۴	۱	۳۵	۲۱	۴۱	۲۷	۲۲	۴۶	۰	۰	۰	۶۸	۰	۰	۰	۶۸	
سوار	۵۵	۳۳	۵۳	۳۷	۱۷۸	۱۰۸	۷۰	۱۵	۱۳	۶	۵	۷۸	۵۰	۹۹	۶۸	۱۰۷	۷۰	۰	۰	۰	۱۷۷	۰	۰	۰	۱۷۷	
ٹانڈہ	۳۷	۳۰	۲۳	۲۶	۱۱۶	۶۰	۵۶	۴	۷	۳	۰	۲۷	۲۳	۳۳	۳۰	۳۶	۲۷	۰	۰	۰	۶۳	۰	۰	۰	۶۳	
میزان	۲۳۱	۲۸۶	۱۶۵	۲۶۳	۹۴۴	۴۰۴	۵۴۰	۴۴	۵۹	۲۴۰	۱۲۰	۳۲۷	۲۲۴	۴۱۴	۲۹۰	۳۴۴	۳۶۰	۰	۴	۱۹	۶۶۲	۰	۰	۹	۶۹۴	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ مارچ لغایت ۲ اپریل ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ مار		۷۷ مار	۷۷ مار	۷۰۷ مار	۷۰۷ مار	
نخود خالص	۸۰ مار		۸۰ مار	۹ مار	۱۰ مار	۱۱ مار	
نخود کستہ آمیز	۱۰۰ مار		۹ مار	۱۰ مار	۱۰۰۱۰ مار	۱۱۰ مار	
کستہ	۱۲ مار			۱۲ مار	۱۱ مار	۱۲۰۱ مار	
ماش	۸ مار		۷۰ مار	۸ مار	۷ مار	۸ مار	
مونگ	۸ مار		۸ مار	•	۷ مار	۹ مار	
مکئی	۱۰ مار		۱۱ مار	۱۲ مار	۱۳ مار	۱۲۰۱ مار	
جئی	۱۲ مار		۱۲۰ مار	۱۳ مار	۱۲ مار	۱۴ مار	
گوجئی	•		•	•	۱۱ مار	•	
عدس	۱۱ مار		۱۱ مار	•	۵ مار	•	
ارہر	۱۰ مار		•	•	۸ مار	•	
برنج	۷۰ مار		۷ مار	۸ مار	۷۰ مار	۸ مار	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نمک سانبھر	۱۰ مار		۱۲ مار	۱۱ مار	۱۱ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۷ مار		۸ مار	۸ مار	۹ مار	۹ مار	
قند سیاہ	۵۰ مار		۴۰ مار	۵ مار	۶ مار	۵ مار	
باجرہ	۱۰ مار		•	•	۱۰ مار	•	

مطبوعہ [illegible] ریاست رامپور